۱۔ الف سرمایہ کار اور ب زمین کا مالک یا کاشتکار۔
ب الف سے کچھ رقم اپنی زمین پر کوئی جنس کاشت کرنے کے لئے لے
اس رقم کی واپسی کی شرط یہ ہوگی کہ وہ جنس کاشت کے بعد الف کو فروخت
کریگا اور اسکی قیمت شروع معاہدہ کے وقت مقرر کردی جائینگی۔ کاشت کے
بعد اس جنس کی قیمت کچھ بھی ہوگی زیادہ یا کم کاشتکار خود ذمہ دار ہوگا۔
کیا ایسا معاہدہ شرعی اعتبار سے جائز ہوگا۔ کیا ایسا معاہدہ "سلم" کہلائیگا۔

Salam: is a sale whereby the seller undertake to supply some specific goods to the buyer at a future date in exchange of advance price fully paid at the spot especially to finance agriculture sector

شیخ سلیمان
34634008

دار الافتاء
فتوی نمبر ۱/۱۵۳۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداو مصلیا

سوال میں ذکر کردہ معاملہ شرعادرست نہیں ہے، نیز یہ معاملہ سلم کی شرائط نہ پائے جانے کی بناء پر سلم نہیں کہلائے گا، کیونکہ بیع سلم کے جواز کے لیے فقہائے کرامؒ نے جو مختلف شرائط بیان فرمائی ہیں، ان میں سے ایک شرط یہ ہے کہ خریدار عقد کے وقت پوری کی پوری قیمت بائع کو ادا کردے اور خرید وفروخت کا ہی معاملہ کیا جائے، جبکہ سوال میں ذکر کردہ معاملے میں پوری قیمت ادا نہیں کی جارہی، بلکہ قرض رقم دیکر بعد میں خریداری کا معاہدہ کیا جارہا ہے۔ لہذا مذکورہ معاملہ شرعی اعتبار سے درست نہیں، اس کو فسخ کرنا ضروری ہے۔ البتہ اگر مذکورہ معاملہ میں سلم کی شرائط کو ملحوظ رکھا جائے تو یہ معاملہ ان شرائط کے پائے جانے کے بعد درست ہو گا۔ سلم کی شرائط درج ذیل ہیں:

- خریدار عقد کے وقت پوری کی پوری قیمت بائع کو ادا کرے۔
- کسی متعین چیز یا متعین کھیت یا فارم کی پیداوار کی بیع سلم نہیں ہوسکتی۔
- جس چیز کی سلم کرنا مقصود ہے اس کی نوعیت اور معیار واضح طور پر متعین کرلیا جائے
- بیچے جانے والی چیز کی مقدار بغیر کسی ابہام کے متعین کرلی جائے۔
- بیچی گئی چیز کی سپردگی کی تاریخ اور جگہ کا تعین بھی عقد کے اندر ہونا چاہیے۔ (مأخذہٗ: اسلامی بینکاری کی بنیادیں ص 198،197)۔ واللہ اعلم بالصواب

محمد دانش رفیق عفی عنہ

دارالافتاء دارالعلوم کراچی

بیت المکرم گلشن اقبال

۲۸ جمادی الثانیہ ۱۴۳۴ھ / 9 مئی 2013

الجواب صحیح

احقر محمود اشرف غفر اللہ

۲۸ / ۶ / ۱۴۳۴ھ

(مہر: مفتی ... دارالعلوم کراچی)

(مہر: دار الافتاء — فتویٰ نمبر ۱۲/۱۵۳۲ — ۲۸ / ۶ / ۳۴ — ۹ / ۵ / ۲۰۱۳)

الجواب صحیح

(دستخط)

۲۸ / ۶ / ۱۴۳۴ھ

Scanned by CamScanner